© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

- حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی رحمۃ اللہ علیہ نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور، انتقال ۲۲ر جنوری ۲۰۱۱ء بروز ہفتہ
- چیچہ وطنی جماعت کے قدیم کارکن حکیم عبدالستار (چک نمبر ۱۱۳۔۱۲۔ایل) ۱۶ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو انتقال فرما گئے نماز جنازہ ۱۷ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو قاری محمد قاسم نے پڑھائی۔
- سیالکوٹ کے معروف بزرگ عالم دین حکیم عبدالواحد کے بھائی پروفیسر عبدالجبار ۲۰ر دسمبر ۲۰۱۰ء کو انتقال فرما گئے۔
- قاری محمد اصغر عثمانی جھنگ کے برادرِ بزرگ محمد اشرف ۲۷ر نومبر ۲۰۱۰ء ہفتہ کو انتقال فرما گئے نماز جنازہ جامعہ محمودیہ جھنگ کے شیخ الحدیث مولانا عبدالرحیم نے پڑھائی۔ عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا محمد مغیرہ، مولانا محمد منظور احمد، صوفی محمد علی، حافظ محمد علی، مولانا عبدالغفار سیال نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ حافظ محمد اسماعیل اور دیگر حضرات نے دوسری نماز جنازہ (موضع اصحابہ) میں شرکت کی اور تعزیت کا اظہار کیا
- مجلس تحفظ ختمِ نبوت بیلجئم کے نائب امیر ملک محمد افضل کے سُسر ڈاکٹر ممتاز علی اکبر ۸۷ سال کی عمر میں اسلام آباد میں انتقال فرما گئے جناب عبدالرحمٰن باوا اور عبداللطیف خالد چیمہ نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔
- چیچہ وطنی میں ہمارے مہربان حافظ محمد اشرف (مدینہ منورہ والے) کے بھائی (فوجی) محمد حسین انتقال فرما گئے۔
- مدرسہ معمورہ مہر پور ضلع مظفر گڑھ کے منتظم قاری عبدالرزاق ارشد کے چچا حافظ غلام حسین جکھڑ (سابق سالار مجلس احرار اسلام علاقہ مہر پور ضلع مظفر گڑھ) انتقال دسمبر ۲۰۱۰
- مدرسہ معمورہ ملتان کے استاذ مولانا محمد حسنین صاحب کے والد شیخ گلزار احمد ۲۱ر جنوری ۲۰۱۱ء کو انتقال فرما گئے۔
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن نذیر بٹالوی مرحوم انتقال ۱۷ر جنوری ۲۰۱۱ء نماز جنازہ امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے پڑھائی۔ سید محمد کفیل بخاری، صوفی نذیر احمد اور دیگر احرار کارکنوں نے کثیر تعداد میں نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔
- ملتان میں ہمارے قدیم رفیق اور ممتاز تاجر رہنما جناب عطاء الرحمٰن انصاری۔ انتقال ۱۷ر جنوری ۲۰۱۱ء
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن شیخ بشیر احمد مرحوم کی اہلیہ اور شیخ محمد معاویہ کی والدہ انتقال فرما گئیں۔
- ممتاز ادیب، شاعر اور نقاد پروفیسر ڈاکٹر عاصی کرنالی۔ انتقال ۲۰ر جنوری ۲۰۱۱ء
- کمالیہ جماعت کے قدیم ترین ساتھی اور انتہائی مخلص و ہر دلعزیز شخصیت حافظ محمد صدیق (خطیب جامع مسجد مکیہ) نواز چوک کمالیہ ۲۶ر اکتوبر ۲۰۱۰ء کو ایک بس حادثہ میں شدید زخمی ہوئے نشتر اور ہسپتال ملتان میں زیر علاج رہے۔ یکم نومبر ۲۰۱۰ء کو انتقال فرما گئے۔ نماز جنازہ حضرت مولانا محمد ارشاد مدظلہٗ نے پڑھائی نماز جنازہ سے قبل سید محمد کفیل بخاری نے حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات جلیلہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ عبداللطیف خالد چیمہ، حافظ محمد اسماعیل، مولانا منظور احمد، عبدالکریم قمر اور دیگر ساتھیوں نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی اور تعزیت کا اظہار کیا حلقۂ یاراں میں حافظ صاحب کی کمی محسوس کی جاتی رہے گی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- ممتاز قانون دان، جسٹس (ر) نذیر احمد غازی کی والدہ گزشتہ ماہ انتقال کرگئیں۔

احباب وقارئین سے تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت وایصالِ ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

## دعائے صحت

- حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ چند ہفتوں سے علیل ہیں۔
- والدہ ماجدہ عبداللطیف خالد چیمہ (ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام پاکستان)
- تحریک طلباء اسلام پاکستان کے بانی ناظم اعلیٰ جناب پروفیسر محمد عباس نجمی گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محمد بشیر چغتائی علیل ہیں۔
- مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر حافظ محمد فاروق طویل عرصہ سے علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن شیخ حسین اختر لدھیانوی عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔
- ہمشیرہ حافظ عبدالوحید، ٹوبہ ٹیک سنگھ کچھ عرصہ سے علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام لاہور کے صدر چودھری محمد اکرام ان دنوں علیل ہیں۔
- ماہنامہ ”نقیبِ ختمِ نبوت“ ملتان کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے فرزند محمد کاشف گزشتہ چند روز سے علیل ہیں۔

احباب وقارئین کی خدمت دعاء صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں صحتِ کاملہ عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆

ماہانہ مجلس ذکرو اصلاحی بیان
24 فروری 2011ء
جمعرات بعد نماز مغرب
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961



© rasailojaraid.com